سوال

کھڑے ہوکر آب زمزم پینا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ محترم اس بارے میں وضاحت فرمادیں کے ہمارے ہاں عام طور پر یہ رواج ہے کہ جب کوئی صاحب حج یا عمرہ سے واپس آئے تو وہ زم زم لے کر آتے ہیں اور عزیز واقارب میں تقسیم کرتے ہیں اس وقت اس بات کا اہتمام کیا جاتا ہے کہ زم زم کو کھڑے ہو کر پیا جائے۔ اس کھڑے ہوکو پینے کی شرعی حیثیت کیا ہے۔؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

کھڑے ہوکر آب زمزم پینا مسنون اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت شدہ عمل ہے۔ سیدنا عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ "سقيت رسول الله صلى الله عليه وسلم من زمزم وهو قائم" (بخاری: 1637) میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو آب زم زم پلایا، اور آپ کھڑے تھے۔ البتہ اگر کوئی شخص بیٹھ کر پی لیتا ہے تو بھی جائز ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث